Question Paper Serial No.

CCE-II-RR/PR/NSR/NSPR(B)/999/8046

ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2

**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

**B**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 97-U**
**Code No. : 97-U**

ವಿಷಯ : **ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ**

# Subject : POLITICAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 20. 06. 2024 ] [ Date : 20. 06. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

20. 06. 2024

Tear here

## طلبہ کیلئے عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتباع کیجئے)۔ پرچہ کھلونے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُننیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **10 × 1 = 10**

1. دستور ساز اسمبلی ( Constituent Assembly ) کے قرارداد کا مقصد پیش کرنے والے

(A) ڈاکٹر بابو راجندر پرساد

(B) کے۔ایم۔منشی

(C) جواہر لال نہرو

(D) ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر

2. ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصول ہمارے دستور کے کس حصّہ میں شمار ہوا ہے ؟

(A) حصّہ IV

(B) حصّہ VI

(C) حصّہ III

(D) حصّہ VIII

3. یوم جمہوریت ( Republic Day ) ہر سال ہملوگ مناتے ہیں

(A) 15/ اگست

(B) 26/ جنوری

(C) 2/ اکتوبر

(D) 14/ نومبر

4. ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصول کی بنیاد ذیل میں کس معاشرتی خیالات پر ہیں ؟

(A) مساوی کام کا مساوی اجرت

(B) شراب نوشی پر پابندی

(C) مفت اور لازمی تعلیم

(D) تاریخی عمارتوں اور دستاویزوں کا تحفظ

5. ہمارے دستور کا انمول رتن ہے

(A) بنیادی حقوق

(B) بنیادی ذمہ داریاں

(C) ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصول

(D) تمہید

6. کرناٹک پبلک سروس کمیشن کا صدر دفتر ہے

(A) بیلاگوی

(B) بینگلورو

(C) میسورو

(D) کلابوراگی

7. پنچائت راج کا بطور ریڑھ کی ہڈی ہے

(A) دیہی پنچائت

(B) ضلع پنچائت

(C) گرام سبھا

(D) تالوک پنچائت

8. بنیادی حقوق کے نگہبان ہیں

(A) ضلع عدالت

(B) لوک عدالت

(C) ہائی کورٹ

(D) سپریم کورٹ

9. ہندوستان کے دستور میں ریاستی پبلک سروس کمیشن قائم کرانے کا ذکر ہے

(A) دفعہ 315 میں

(B) دفعہ 323 میں

(C) دفعہ 231 میں

(D) دفعہ 168 میں

10. ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کا تقرر کرتے ہیں

(A) صدر ہند

(B) نائب صدرِ ہند

(C) وزیر اعظم

(D) نائب وزیر اعظم

**II.** 11. <u>درج ذیل فہرست ''الف'' کا فہرست ''ب'' سے جوڑ ملائیں اور حرف تہجی کے ساتھ لکھیں</u> : **5 × 1 = 5**

| ''الف'' | ''ب'' |
|---|---|
| a) دیہی پنچائت | i) اعلیٰ انتظامی افسر |
| b) ضلع پنچائت | ii) فوجی افسر |
| c) میونیسپل کاؤنسل | iii) اعلیٰ افسر |
| d) قصبہ میونسپلٹی | iv) کمیشنر |
| e) کنٹونمنٹ بورڈ | v) میئر |
| | vi) پنچائت ترقی افسر |
| | vii) انتظامی افسر |

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک لفظ یا جملے میں لکھئے : 15 × 1 = 15

12. ہندوستان کے دستور ساز اسمبلی کے چیرمین کون تھے ؟

13. ہمارے آئین میں میگنا کارٹا (Magna Carta) کس کو کہا جاتا ہے ؟

14. کس ملک کے دستور سے ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصولوں کو لیا گیا ہے ؟

15. رعایتی اصولوں ( Liberal principles ) کی تعریف کیجئے۔

16. کرناٹک پبلک سروس کمیشن کے چیرمین ( Chairman ) کا تقرر کون کرتا ہے ؟

17. دستور یا آئین کیا ہے ؟

18. مذہبی فرقہ ( Fraternity ) کی تعریف کیجئے ؟

19. ''جمہوریت ایک عوام کی حکومت ہے،عوام کے ذریعہ اور عوام کیلئے ہے'' کس نے کہا ؟

20. ڈاکٹر بی-آر-امبیڈکر کے دستور میں کون سا دفعہ (Article) 'روح اور دل' ( Soul and heart ) کہلاتا ہے ؟

21. ہابیس کارپس ( Habeas Corpus ) سے کیا مراد ہے ؟

22. سیٹی کارپوریشن ( City Corporation ) کے ممبران کیا کہلاتے ہیں ؟

23. واحد شہریت ( Single Citizenship ) کسے کہتے ہیں ؟

24. کسی ریاست کی سب سے اونچی عدالت کون سی ہے ؟

25. عدالتی جائزہ ( Judicial Review ) سے کیا مراد ہے ؟

26. ''دیہی پنچائت ہندوستان میں خودمختار حکومت کی بنیاد ہے'' کس نے کہا ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو تا چار جملوں میں لکھئے : **14 × 2 = 28**

27. یونیورسل ایڈلٹ فرینچائز ( Universal Adult Franchise ) کیا ہے ؟

28. دستور کے تمہید کے اہم موضوعات کی فہرست بنائیے۔

29. تعلیم کے حق کے قانون ( Right to Education Act ) کے اہم موضوعات کیا ہیں ؟

30. دستور کو مرتب کرنے کیلئے کتنی کمیٹیاں اور معاون کمیٹیاں کی بنیاد رکھی گئی تھیں ؟

31. ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصول کے پروگرام لاگو کرنے کی بنیاد کی فہرست بنائیے۔

32. قوم کی اکائی اور اخلاقی بلندی ( Unity and integrity ) کی ترقی کی خاطر ہمارا کردار کیا ہے؟

33. جمہوریت ( Republic ) کی تعریف کیجئے۔

34. اطلاع فراہم کے حق ( Right to Information ) کے قانون کی اہمیت کا تذکرہ کیجئے۔

35. بنیادی حقوق اور ریاستی پالیسی کی رہنمائی اصولوں کا کسی دو فرق کی فہرست بنائیے۔

36. ہائی کورٹ کا جج بننے کے لئے کن قابلیت کی ضرورت پڑتی ہیں ؟

37. ریونیو عدالتوں ( Revenue Courts ) میں درجہ بدرجہ اختیار و اقتدار کے نظام ( Hierarchy ) کا تذکرہ کیجئے۔

38. ضلع پنچائت ( Zilla Panchayat ) کی اسٹینڈنگ کمیٹی ( Standing Committees ) کیا ہے ؟

39. ریاستی پبلک سروس کمیشن کے ایک ممبر بننے کی خاطر کن قابلیتوں کی ضرورت پڑتی ہیں ؟

40. ہائی کورٹ کس طرح اپنے ماتحت عدالتوں ( Subordinate courts ) کو کنٹرول کرتا ہے ؟

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پانچ تا چھ نقاط/ جملوں میں لکھئے : **6 × 3 = 18**

41. ہمارے دستور نے ہمیں کون کون سے بنیادی حقوق فراہم کیا ہے ؟

42. ریاستی پالیسی کے رہنمائی اصولوں میں گاندھی کے اصولوں ( Gandhian principles ) کی فہرست بنائیے۔

43. دستور ہند میں تمہید کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

44. جب کبھی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہیں تو عدالت عالیہ کون سے حکم نامے جاری کرتا ہے ؟

45. گاؤں کا پنچائت گاؤں کی ترقی کے لئے کیا اقدام اٹھاتے ہیں ؟

46. یونین پبلک سروس کمیشن ( UPSC ) کے کیا کام کاج ہیں ؟

**VI.** درج ذیل سوال کا آٹھ تا دس جملوں/نقاط میں جواب دیں : **1 × 4 = 4**

47. ہندوستان کے دستور کی نمایا خصوصیات کی وضاحت کیجئے۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE